تنقید و تبصرہ

خواب کی دنیا - از مولانا عبدالمالک صاحب آروی تقطیع خورد ضخامت ۹۸ اصفحات کاغذ متوسط کتابت طباعت معمولی قیمت درج نہیں ملنے کا پتہ :- مینجر صاحب طاق بستان ملکی محلہ آرہ۔

اس کتاب کے مصنف ہندوستان کے مشہور ادیب و مضمون نگار ہیں۔ آپ کے قلم سے حال میں ہی یہ کتاب شائع ہوئی ہے جو آسٹریا کے مشہور پروفیسر سگمنڈ فرائیڈ کی کتاب "تعبیراتِ خواب" کا خلاصہ ہے۔ پروفیسر موصوف نے اپنی کتاب میں خواب کے مسئلہ پر نہایت وضاحت سے گفتگو کی ہے۔ اور اس کا کوئی گوشہ ایسا نہیں ہے جس پر اس نے تحقیق کے ساتھ کلام نہ کیا ہو۔ اس لحاظ سے مولانا عبدالمالک کا اس کتاب کو ملخص کرکے اردو میں پیش کرنا اردو لٹریچر میں قابل قدر اضافہ ہے۔

کتاب کے شروع میں جناب نیاز صاحب فتحپوری کا ایک تعارفی دیباچہ ہے۔ پھر سنڈے ایڈوانس" سے اخذ کرکے پروفیسر سگمنڈ فرائیڈ کے حالات زندگی لکھے گئے ہیں جو ناتمام ہیں۔ اس کے بعد اصل کتاب شروع ہوتی ہے۔ ص ۶ سے صفحہ ۶۶ تک مولانا عبدالمالک صاحب نے نہایت خوبی کے ساتھ خواب کے ماخذ، اور خواب کی حقیقت و ماہیت پر بحث کی ہے جس میں انہوں نے "خواب میں پیچیدگی" "عشقیہ خواب" "پُراسرار خواب" "عہد ماضی کی تمنا" "مسجد نبوی کا ایک منظر" "احساسات اخلاقی" کے زیرعنوان بڑی دلچسپ اور فلسفیانہ باتیں لکھی ہیں اور بعض عجیب خواب نقل کیے ہیں۔ اس کے بعد "بزرگوں کا خواب" "بادشاہوں کا خواب" اور "علماء کا خواب" ان تین بڑے بڑے عنوانات کے ماتحت متعدد چھوٹے چھوٹے عنوانات ہیں، جن کے ماتحت بعض مشہور بادشاہوں، فلسفیوں اور اولیاء اللہ کے خواب نقل کیے گئے ہیں، اور ان پر علم النفسیات کی روشنی میں

محققانہ بحث کی گئی ہے۔ کتاب کی ترتیب میں یورپین لٹریچر کے علاوہ علماء اسلام کی اہم تصنیفات سے بھی کافی استفادہ کیا گیا ہے۔ زبان بہت صاف ستھری اور سلیس و رواں ہے۔ خواب کا مسئلہ ہر زمانہ میں عام دلچسپی کا باعث رہا ہے لیکن بقول نیاز صاحب کے "اس مسئلہ کے لاینحل ہونے کا ثبوت یہ ہے کہ عہد حاضر میں بھی (حالانکہ یہ حقائق ریاضیات "کا عہد کہلاتا ہے) کوئی فیصلہ کن تحقیق اس باب میں پیش نہیں کی گئی۔

لائق مصنف نے جیسا کہ انہوں نے خود لکھا ہے "خاتون صحرا" کی یاد میں یہ کتاب تصنیف کی ہے۔ اردو کی خوش قسمتی ہے کہ ان کا یہ سانحہ اردو ادب میں ایک قیمتی کتاب کے اضافہ کا سبب بن گیا۔ مصائب قوم عند قوم فوائد۔ امید ہے کہ یہ کتاب دلچسپی کے ساتھ پڑھی جائیگی۔

ہمدردِ صحت برتھ کنٹرول نمبر۔ سائز کلاں ضخامت علاوہ فہرست کے ۲۳۶ صفحات کاغذ متوسط اور اعلیٰ دونوں قسم کا۔ کتابت طباعت نہایت عمدہ ٹائیٹل پیج بہت خوبصورت اور دیدہ زیب قیمت اعلیٰ ایڈیشن ۱۲ ار متوسط ۸ ر مقام اشاعت:۔ ہمدرد منزل دہلی۔

رسالہ ہمدرد صحت دہلی ہندوستان کا مشہور ہردلعزیز و مقبول طبی ماہنامہ ہے اس کا ہر معمولی نمبر بھی بہترین طبی مضامین کا حامل ہوتا ہے۔ پھر اپنی مخصوص روش کے مطابق یہ ہر سال کسی خاص طبی موضوع پر جو اپنا خاص نمبر شائع کرتا ہے وہ طب یونانی کی علمی دنیا کا ایک نمایاں شاہکار کہلانے کا مستحق ہوتا ہے۔ امسال اس رسالہ کا خاص نمبر "برتھ کنٹرول نمبر" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ یہ نمبر بڑی محنت و کاوش اور تلاش و جستجو سے مرتب کیا گیا ہے۔ برتھ کنٹرول سے متعلق بحث کا کوئی علمی یا عملی پہلو ایسا نہیں ہے جس پر کمال دیدہ وری داد تحقیق نہ دی گئی ہو۔ حسب روایت قدیم اس نمبر میں بھی مشرق و مغرب کے بہترین ڈاکٹروں اور اطباء کے بلند پایہ مضامین جمع کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے اور اس لحاظ سے بے خوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ یہ نمبر اس خاص مسئلہ پر ایک انسائیکلوپیڈیا سے کم